دارالعلوم ندوۃ العلماء میں داخلہ کی کاروائی

دارالعلوم ندوۃ العلماء میں حسب ذیل درجات کے لئے داخلہ فارم جاری کئے گئے تھے ان کے داخلہ ٹسٹ ورپوٹنگ کی تاریخ بھی حسب ذیل ہے۔

☆ درجہ حفظ میں جن طلبہ کو داخلہ منظوری کا میسیج بھیجا گیا ہے وہ طلبہ ۳؍مئی ۲۰۲۳ء کی صبح آٹھ بجے آکر معہد القرآن میں جناب مولانا فرمان ندوی صاحب وجناب مولانا شیخ ابرار صاحب کو فارم نمبر کے ساتھ نام تحریر کرادیں تاکہ آپ کے قیام وطعام کا نظم ہوسکے، اس کے بعد مسجد میں شعبۂ حفظ کے انچارج جناب قاری محمد ریاض صاحب مظاہری وصدر شعبہ جناب قاری فضل الرحمٰن صاحب سے مل کر ٹسٹ وداخلہ کی کاروائی کرانے کے بعد اصل کاغذات لیکر المعہد العالی میں بقیہ کاروائی کرالیں۔

☆ علیا اولی ادب وعالیہ ثالثہ ادب کے جن طلبہ کو داخلہ منظوری کا میسیج ملا ہے وہ ۳؍مئی ۲۰۲۳ء کی صبح آٹھ بجے معہد القرآن میں مذکورہ حضرات کے پاس فارم نمبر کے ساتھ نام کا اندراج کرادیں اس کے بعد ۸:۳۰؍بجے صبح دفتر عمید کلیۃ اللغۃ کی بلڈنگ میں ٹسٹ کے لئے پہونچیں۔

☆ خصوصی اول کے جن طلبہ کو داخلہ منظوری کا میسیج ملا ہے وہ ۳؍مئی کو صبح دارالعلوم پہونچیں ۸:۳۰؍بجے کتب خانہ علامہ شبلی نعمانی کے زیریں حصہ مولانا معین اللہ ہال پہونچیں وہاں پہونچ کر تحریری ٹسٹ میں شریک ہوں جو طلبہ ٹسٹ میں کامیاب ہوں گے وہ اصل کاغذات لیکر داخلہ کی اگلی کاروائی کیلئے المعہد العالی زیریں کمرہ نمبر ۱۰۴ میں جائیں گے۔

☆ جن طلبہ نے خصوصی ثانی میں داخلہ کی کاروائی کا فارم پر کیا ہے اوران کو داخلہ منظوری کا میسیج مل چکا ہے وہ ۳؍مئی کی صبح دارالعلوم پہونچیں اور ۸:۳۰؍بجے المعہد العالی بالائی (تیسری منزل) ہال پہونچیں اور تحریری ٹسٹ میں شریک ہوں، کامیاب طلبہ اصل کاغذات لیکر بقیہ کاروائی کیلئے المعہد العالی کمرہ نمبر ۱۰۴ پر بقیہ کاروائی کرائیں۔

خصوصی کے طلبہ ٹسٹ سے فارغ ہوکر ظہر میں مولانا فرمان صاحب ندوی ومولانا شیخ ابرار صاحب ندوی کو فارم نمبر کے ساتھ نام تحریر کرادیں تاکہ وقتی طور پر قیام وطعام کا نظم ہوسکے۔

☆ خصوصی عربی السنۃ الاولی، السنۃ الثانیہ، السنۃ الثالثہ، السنۃ الرابعہ کے جن طلبہ کو منظوری کا میسیج مل چکا ہے وہ ۲؍مئی تک پہونچیں اور ۳؍مئی کو ٹسٹ میں شریک ہوں۔

☆ دارالعلوم ومدارس ملحقہ کے کامیاب طلبہ ۲؍مئی ۲۰۲۳ء کی صبح ۹؍بجے تا ۸؍مئی ۲۰۲۳ء اپنے داخلہ کی کاروائی مکمل کرالیں۔

☆ تعلیم شروع ہونے کے بعد مذکورہ طلبہ کی کاروائی بند کردی جائے گی۔

☆ ناکام طلبہ ۸؍مئی کو اپنے سابقہ درجہ میں داخلہ کی کاروائی کی درخواست دفتر اہتمام میں جمع کریں۔

☆ محفوظ طلبہ بھی ۶؍مئی کو اپنے نتائج کے متعلق درخواست دفتر اہتمام میں جمع کرادیں۔

☆ ضمنی طلبہ کا امتحان ۹ تا ۱۱؍مئی ان شاء اللہ ہوگا ان کا ضمنی امتحان مولانا معین اللہ ہال وکتب خانہ بالائی منزل میں ہوگا۔ نتیجہ آنے کے بعد داخلہ کی کاروائی ہوسکے گی۔

نوٹ: جن طلبہ نے داخلہ فارم آن لائن بھرا ہے وہی طلبہ دارالعلوم ومعہد دارالعلوم سکروری تشریف لائیں، جن طلبہ نے آن لائن فارم نہیں پر کیا ہے ان کا آف لائن داخلہ نہیں ہوگا۔ مذکورہ تاریخ ووقت پر پہونچیں الگ سے ٹسٹ بھی نہیں ہوگا۔

معہد دارالعلوم سکروری

معہد دارالعلوم سکروری پنجم ابتدائیہ وثانویہ اولی، ثانویہ ثانیہ، ثانویہ ثالثہ، ثانویہ رابعہ، ثانویہ خامسہ، اعدادیہ، حفظ کے لئے جن طلبہ نے داخلہ فارم پر کیا ہے اوران کو داخلہ منظوری کا میسیج مل گیا ہے وہ ۳؍مئی کو معہد دارالعلوم سکروری ہردوئی روڈ لکھنؤ صبح ۹؍بجے پہونچیں۔